جب نبی ﷺ اپنی نماز کی طاق رکعت میں ہوتے تو اس وقت تک کھڑے نہ ہوتے جب تک سیدھے بیٹھ نہ جاتے

مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا، جب آپ ﷺ اپنی نماز کی طاق رکعت میں ہوتے تو اس وقت تک کھڑے نہ ہوتے جب تک سیدھے بیٹھ نہ جاتے
[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ کا یہ طریقہ تھا کہ آپ ﷺ پہلی رکعت سے دوسری رکعت کے لیے اور تیسری رکعت سے چوتھی رکعت کے لیے کھڑے نہیں ہوتے جب تک کہ مکمل طور پر ہلکا سا بیٹھ نہ جاتے اس بیٹھنے کو جلسۂ استراحت کہتے ہیں آپ ﷺ کے اصحاب میں سے کئی لوگوں نے آپ ﷺ سے اس جلسے کے متعلق روایت کیا ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10931